**نیپال کی تازہ صورتحال سے متعلق پریس ریلیز (ستمبر 09، 2025)**

ستمبر 09، 2025

ہم کل سے نیپال میں پیش آ رہے حالات پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں اور بہت سے نوجوانوں کی جانوں کے ضیاع پر انتہائی افسردہ ہیں. ہماری دعائیں اور ہمدردیاں جاں بحق افراد کے اہل خانہ کے ساتھ ہیں. ہم زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے بھی دعاگو ہیں.

2. ایک قریبی دوست اور ہمسایہ ہونے کے ناطے، ہم امید کرتے ہیں کہ تمام فریق تحمل سے کام لیں گے اور تمام امور کو پُرامن ذرائع اور مذاکرات کے ذریعے حل کریں گے.

3. ہم نے یہ بھی نوٹ کیا ہے کہ حکام نے کٹھمنڈو اور نیپال کے کئی دیگر شہروں میں کرفیو نافذ کر دیا ہے. نیپال میں مقیم بھارتی شہریوں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ احتیاط برتیں اور نیپالی حکام کی جانب سے جاری کردہ اقدامات اور ہدایات پر عمل کریں.

**نئی دہلی**
**ستمبر 09، 2025**